# 28-04-2026 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......چیف منسٹر ریونت ریڈی کے ہاتھوں فیوچرسٹی کمشنریٹ کی عمارت کا سنگ بنیاد۔ ریاستی وزراء، ارکان پارلیمنٹ اورارکان اسمبلی کی شرکت۔

......تلنگانہ میں ایس ایس سی نتائج کل دوپہر میں ہوں گے جاری۔ڈائریکٹر محکمہ تعلیمات کا اعلان۔

......چرلہ پلی ریلوے اسٹیشن کے پاس اپروچ روڈ کی توسعی۔سکندرآباد ریلوے اسٹیشن کی ترقی اورتوسیع پر مرکزی وزیر جی کشن ریڈی کا چیف منسٹر ریونت ریڈی کو مکتوب۔

......وشاکھاکے ترلوواڑہ میں گوگل اے آئی ڈیٹاہب کی تعمیر کا چیف منسٹر آندھراپردیش چندرابابونائیڈو، مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے سنگ بنیادرکھا۔

......تلنگانہ کو ملک کا اہم سیاحتی مقام بنانے کے لئے درکار اقدامات کرنے ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راو کی عہدیداروں کو ہدایت۔

FEATURE CITY

ضلع رنگاریڈی کے میرخان پیٹ میں فیوچرسٹی پولیس کمشنریٹ کی عمارت کا چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اب سے کچھ ہی دیر قبل سنگ بنیاد رکھا۔اس تقریب میں ریاستی وزراء سریدھر بابو۔ جوپلی کرشنا راو کے علاوہ ارکان پارلیمنٹ اورارکان اسمبلی موجود تھے۔

REVANT REDDY

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے آئی سی سی میں خواتین اور بچوں کے تحفظ کے مقصد سے ’’اسپندنا ٹیمس‘‘ کا آغاز کرتے ہوئے اس کے پوسٹر کی رسم اجراء انجام دی۔اس تقریب میں ریاستی وزیر سیتااکا۔۔ڈی جی پی شیودھرریڈی۔کمشنر پولیس سجنار۔موجود تھے۔اس موقع پر چیف منسٹر نے کہا کہ جہاں خواتین محفوظ ہوتی ہیں وہاں تیز رفتار ترقی ہوتی ہے اور خواتین کے تحفظ کے لئے ان کی حکومت مسلسل اقدامات کررہی ہے۔چیف منسٹر نے بتایا کہ خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے بسوں میں مفت سفر۔اندراماں مکانات۔ بینک سے قرض کی سہولت کے ساتھ ساتھ اسکولس کی تعمیرات کی ذمہ داری خواتین گروپس کے حوالے کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست کو تین ٹریلین ڈالر کی معیشت میں تبدیل کرنا ہی حکومت کا مقصد ہے۔

KALESHWARAM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کالیشورم پراجکٹ بدعنوانیوں کے معاملے میں سی بی آئی تحقیقات کے لئے دباوڈالنے کا فیصلہ کیا ہے۔اس مسئلہ پر ریاستی وزیر اتم کمار ریڈی نے ماہر قانون ابھیشک سنگھوی کے ساتھ منعقدہ اعلی سطحی اجلاس میں کلیدی فیصلے کئے ہیں۔ ماہرین نے واضح کیا کہ اس وقت یہ مقدمہ کسی بھی عدالت میں زیر التوا نہیں ہے اس لئے قانونی طور پر سی بی آئی تحقیقات میں کسی بھی طرح کی روکاوٹ نہیں ہے۔ یہ بھی کہا گیا کہ پی سی گھوش کمیشن کی رپورٹ برقرار رہے۔اس تناظر میں فوری کاروائی کی خواہش کرتے ہوئے سی بی آئی کو مکتوب روانہ کرنے ،ضرورت پڑنے پر وزراء کی جانب سے شخصی طور پر سی بی آئی ڈائریکٹر سے ملاقات کرتے ہوئے انہیں یادداشت پیش کرنے کی چیف منسٹر نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے۔اس اجلاس میں دیگر وزراء۔اعلی عہدیداران بھی موجود تھے۔جس میں آگے کی حکمت عملی پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔

GOGLE

مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنواور آندھراپردیش کے چیف منسٹر این چندرابابونائیڈو نے آج وشاکھاپٹنم میں گوگل ادارے کی جانب سے قائم کئے جانے والے ادارے گوگل اے آئی ڈیٹا ہب کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔تقریباً پندرہ بلین ڈالر کی سرمایہ کاری سے گوگل یہ پراجکٹ کررہا ہے۔اس موقع پر مرکزی وزیر نے کہا کہ گوگل جیسے بڑے اداروں کا وشاکھاپٹنم کا رخ کرنا خوش آئند ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ مرکز کی جانب سے مکمل تعاون فراہم کیا جائے گا۔

Sound byte

اس تقریب میں مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو۔ریاستی وزیر لوکیش اور دوسرے موجود تھے۔

JUPALLY

ریاستی وزیر سیاحت جوپلی کرشناراو نے کہا کہ ریاست تلنگانہ کو ملک کا اہم سیاحتی مقام بنانے کے لئے مزید اقدامات کی عہدیداروں کو ہدایت دی۔ ریاستی وزیر نے بنیادی سہولیات کی فراہمی ، برانڈنگ۔اور تشہیری پروگرام سے متعلق مقررہ وقت پر مشتمل جامع منصوبہ تیار کرنے کی ہدایت دی۔انہوں نے حیدرآباد کے بیگم پیٹ میں واقع ٹورازم پلازہ میں آج منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں ثقافتی وارثت شاندار تعمیرات۔آبی وسائل۔ جنگلات۔ وغیرہ ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ان تمام کے اشتراک سے تلنگانہ کوایک طاقتور ٹورازم ہب میں تبدیل کرنا ہے حکومت کا مقصد ہے۔انہوں نے عہدیداروں کومشورہ دیا کہ سیاحتی مقامات پر سیاحوں کے لئے بنیادی سہولیات کی فراہمی کے معاملے میں کسی بھی طرح کا سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیے۔

V SRI HARI

ریاستی وزیر وی سری ہری نے ریاست تلنگانہ میں افزائش مویشیاں۔دودھ کی صنعت۔اور محکمہ سمکیات سے متعلق نافذالعمل اسکیمات کے لئے تعاون فراہم کرنے کی مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ سے خواہش کی ہے۔انہوں نے آج حیدرآباد کے راجندرنگر میں ایف این ڈی بی کے

دفتر میں محکمہ سمکیات کے ڈائریکٹر نکھیلا اور متعلقہ محکمہ کے عہدیدار لکشمی نارائن کے علاوہ دیگر کے ساتھ مرکزی وزیر کے ساتھ منعقدہ اجلاس میں شرکت کی ۔اس موقع پر ریاست میں نافذ العمل اسکیمات سے مرکزی وزیر کو واقف کروایا گیا۔ بعدازاں انہوں نے بتایا کہ مرکزی وزیر سے ریاست کے لئے مرکز سے تعاون طلب کیا گیا۔جس پر انہوں نے مثبت ردعمل کا اظہار کیا۔

VIVEK

ریاستی وزیر ویویک وینکٹ سوامی نے کہا ہے کہ قبائیلی علاقوں میں رہنے والے تمام اہل افراد کو اندراماں مکانات منظور کیے جائیں گے۔ انہوں نے ضلع منچر یال۔ چنور کے دورے کے موقع پر کہا کہ مندامرری میں قانونی مسائل کی وجہ سے اندراماں مکانات کی فراہمی کے سلسلے میں وزیر مال پونگولیٹی سرانیوس ریڈی سے بات چیت کی جائے گی۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے چرلہ پلی ،سکندرآباد ریلوے اسٹیشنوں کی ترقی اور سڑکوں کی توسیع کے سلسلے میں چیف منسٹر ریونت ریڈی کو مکتوب روانہ کیا۔انہوں نے کہا کہ چرلہ پلی نئے ٹرمنل میں مسافرین کی آمد میں اضافے کے پیش نظر ایف سی ایل گودام، بھرت نگر، ای سی نگر، کے سمت واقع اپروچ روڈ کو کم ازکم سو سے دوسوفٹ تک وسعت دی جائے۔انہوں نے پارکنگ کے لئے زائد جگہ مختص کرنے کے ساتھ ساتھ پانی کی سربراہی کے کاموں میں تیزی کی خواہش کی۔اسی طرح سکندرآباد ریلوے اسٹیشن کی جدید کاری کی تناظر میں الفا ہوٹل سے ریتی فائل بس اسٹانڈ تک سڑک کو ایک سوبیس فٹ توسیع دینے کا مشورہ دیا۔

KTR

بی آرایس کے کارگذار صدر کے تارک راما راو نے کہا ہے کہ جمہوریت میں پارٹیوں کا آنا جانا عام بات ہے۔نئ پارٹیوں پر خاص توجہ کی ضرورت نہیں ہے۔کل انہوں نے پارٹی کے عاملہ اجلاس کے بعد بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں پچیس سال مکمل کرنے والی علاقائی پارٹیاں کم ہیں اور یہ اعزاز تلگودیشم اور بی آرایس کو حاصل ہے۔قبل ازیں اس موقع پر کے سی آر نے پارٹی حامیوں کو خصوصی ہدایت دیتے ہوئے سینئر قائد جیون ریڈی کا نام جنرل سکریٹری کے طور پر اعلان کیا۔انہوں نے تلنگانہ تحریک سے لے کر تازہ سیاسی صورتحال پر روشنی ڈالتے ہوئے بالخصوص اس وقت ریاست میں کسانوں کو درپیش مسائل پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔

SSC RESLUT

تلنگانہ ایس ایس سی کے نتائج کل دوپہر جاری کیے جائیں گے۔محکمہ تعلیمات نے اس بات کا اعلان کیا ہے۔حیدرآباد کے بشیر باغ میں واقع۔ایس سی ای آرٹی۔کیمپس میں ریاستی حکومت کے مشیر کے کیشوراو نتائج جاری کریں گے۔طلبا اپنے نتائج بورڈ کی ویب سائٹ

reslut.bsetelangna.org

کے ذریعہ دیکھ سکتے ہیں۔اسی طرح

8096958096

نمبر کے ذریعہ واٹس اپ پر بھی نتائج معلوم کئے جاسکتے ہیں۔ دسویں جماعت کے امتحانات کا چودہ مارچ کو آغاز ہوا تھا جو جاریہ ماہ کی تیرہ تاریخ کو ختم ہوئے۔ تقریباً پانچ لاکھ پندرہ ہزار طلبا نے امتحانات میں شرکت کی۔

HARISH RAO

سنگاریڈی سنٹرل جیل میں ریمانڈ پر موجود بی آر ایس سوشیل میڈیا کنوینر کریشانک سے ارکان اسمبلی سی پر بھاکر اور مانیک راو کے ساتھ آج سابق ریاستی وزیر ہریش راو نے ملاقات کی۔ اس موقع پر ہریش راو نے کہا کہ ریونت ریڈی نے ماقبل انتخابات چھ ضمانتوں کا وعدہ کیا تھا چھ ضمانتوں کے ساتھ ساتھ چوتھی ضمانت کے طور پر جمہوریت کا وعدہ کیا تھا۔ لیکن آج وہ یہ بات بھول گئے ہیں۔ ہریش راو نے کہا کہ حکومت کی جانب سے غلطلیاں کرنے والوں کو چھوڑ دیا جارہا ہے اور شکایت کرنے والے کریشانک کو گرفتار کرنا افسوسناک ہے۔

WEATHER

ریاست تلنگانہ میں گرمی کی شدید لہر ریکارڈ کی جارہی ہے۔ ضلع نظام آباد میں اعظم ترین درجہ حرارت 46 ڈگری سلیس درج کیا گیا۔ ریاست بھر میں لو لگنے اور بجلی گرنی کی وجہ سے چار افراد کی موت ہوئی ہے۔ یہ بات عہدیداروں نے بتائی۔ حکام کے مطابق منچر یال۔ پداپلی۔ اور نارائن پیٹ اضلاع میں لو لگنے سے تین افراد اور سنگاریڈی میں بجلی گرنے سے ایک کسان کی موت ہوئی۔ بتایا گیا ہے کہ شہر حیدرآباد میں اعظم ترین درجہ حررات 42.5 ڈگری سیلیس ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اگلے تین دنوں میں درجہ حررات میں مزید دوڈگری اضافے کا محکمہ موسمیات نے امکان ظاہر کیا ہے۔ جبکہ شمالی تلنگانہ کے بعض علاقوں میں تیز ہواوں کے ساتھ بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ گرمی کی شدت کے پیش نظر عوام کو چوکس رہنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

STEPHEN RAVINDRA

محکمہ سیول سپلائز نے واضح کیا ہے کہ تلنگانہ میں پٹرول اور ڈیزل کی کوئی قلت نہیں ہے۔ محکمہ کے کمشنر اسٹفین رویندرا نے بتایا کے ایندھن کی قلت سے متعلق سوشیل میڈیا پر پھیلائی جارہی افواہوں پر یقین نہ کیا جائے۔ ریاست میں وافر مقدار میں ذخائر موجود ہیں انہوں نے بتایا کہ آئیل کمپنیوں کے ساتھ مل کر مسلسل سربراہی کے عمل پر نظر رکھی جارہی ہے۔ کل ریاست بھر میں ریکارڈ گیارہ ہزار چاسونوے کلولیٹر پٹرول، اٹھارہ ہزار چارسواونچاس کلولیٹر ڈیزل مجموعی طور پر انتیس ہزار نوسواونچالیس کلولیٹر ایندھن سربراہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام تشویش میں مبتلا ہوکر غیرضروری ایندھن کی ذخیرہ اندوزی نہ کریں۔ انہوں نے انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ خطرناک ہے۔ ساتھ ہی حکومت نے ایندھن کی قلت سے متعلق افواہیں پھیلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ دیا ہے۔

TET

ٹیٹ کنوینر رمیش نے بتایا کہ تلنگانہ ٹیٹ امتحان میں شرکت کرنے والے امیدوار اس مہینے کی تیس تاریخ سے پہلے فیس ادا کر کے آن لائن درخواستیں داخل کریں۔ انہوں نے بتایا کہ آج دوپہر تک پیپر ون کے لئے 21 ہزار 826 درخواستیں وصول ہوئی ہیں۔ پیپر ٹو کے لئے 59 ہزار 271 درخواستیں داخل کی گئیں۔ مجموعی طور پر بارہ ہزار چارسوسترہ درخواستیں داخل کی گئی ہیں۔ مجموعی طور پر آج دوپہر تک

93ہزار514 درخواستیں داخل کی گئیں۔ انہوں نے بتایا کہ تاحال درخواست داخل کرنے والے امیدواروں کو کل سے تین مئی تک درخواستوں میں ترمیم کی سہولت فراہم رہے گی۔

CRAINE

حیدرآباد کے مضافاتی علاقے شنکرپلی میں واقع۔این سی سی۔ورک شاپ میں کل سہ پہر پیش آئے کرین حادثے میں مہلوکین کی تعداد پانچ ہوگئی ہے۔تیز ہواوں کے ساتھ بارش کے دوران دوہیوی کرینس گر پڑے۔جس کے نتیجے میں تین افراد کی موت ہوگئی تھی۔بعدازاں مزید دونعشیں برآمد ہوئی تھیں۔اس حادثے میں جہاں پانچ ورکرس کی موت ہوئی وہیں بارہ زخمی بتائے گئے ہیں۔انہیں علاج کے لئے ہاسپٹل منتقل کردیا گیا۔•

OSMANIA UNIVERSITY

عثمانیہ یونیورسٹی میں واقعہ ایمپلائمنٹ بیورو کے زیراہتمام ایک خانگی کمپنی کے لئے درکار۔سی این سی۔مشن آپریٹر۔انٹری لیول سافٹ ملازمین کے لئے جمعرات کی صبح جاب میلہ منعقد ہوگا۔میکانیکل میں بی ٹیک۔ڈپلومہ مکمل کرنے والے راست طور پر جاب میلے سے رجوع ہوسکتے ہیں۔مزید تفصیلات کے لئے فون نمبر

87126388384 پر رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے۔